© rasailojaraid.com



انا للہ وانا الیہ راجعون

# سفر آخرت کے راہی

اللھم اغفر للمومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار وقاھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس

## قاری عزیر احمد راشد صاحب کو صدمہ

جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے استاد جناب قاری عزیر احمد راشد حفظہ اللہ کے تایا جان محمد حمزہ آف چوک اعظم ضلع لیہ طویل علالت کے بعد گذشتہ دنوں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند متشرع اور متقی پرہیزگار شخص تھے۔

جامعہ کے اساتذہ' انتظامیہ وطلباء خصوصاً شیخ الجامعہ حافظ عبدالعزیز علوی' حافظ مسعود عالم' مولانا محمد یونس بٹ' چودھری محمد یٰسین ظفر اور مفتی عبدالحنان زاہد نے لواحقین خصوصاً مرحوم کے بھائی مولانا نذیر احمد سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کی دعا کی اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام نصیب فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

## مولانا عبدالحق کی اہلیہ کی وفات

6 مارچ کو مولانا عبدالحق صاحب سابق خطیب چک نمبر 438 سمندری کی اہلیہ وفات پا گئیں۔ مرحومہ نیک اور صالح خاتون تھیں۔ اگلے روز 7 مارچ کو ان کی نماز جنازہ سمندری میں ادا کی گئی اور ان کی تدفین عمل میں آئی۔ ادارہ جامعہ سلفیہ مرحومہ کی لواحقین بالخصوص مولانا عبدالحق اور ان کے بیٹے مولانا ظفر اقبال صاحب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

**ادارہ ترجمان الحدیث**



© rasailojaraid.com